# سُورَةُ الغَاشِيَةِ

چھا جانے والی

القرآن ٨٨:٠١-٢٦

QuranicQuotes.com

هَلْ أَتَىٰكَ حَدِيثُ ٱلْغَـٰشِيَةِ

کیا تمہیں اُس چھا جانے والی آفت کی
خبر پہنچی ہے؟

القرآن ۸۸:۰۱

وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ خَـٰشِعَةٌ

بہت سے چہرے اس دن ذلیل ہوں گے۔

القرآن ۸۸:۰۲

QuranicQuotes.com

عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ

مشقت زدہ تھکے ماندے۔

القرآن ۸۸:۰۳

تَصْلَىٰ نَارًا حَامِيَةً

وہ داخل ہوں گے دہکتی ہوئی آگ میں۔

القرآن ۸۸:۰۴

QuranicQuotes.com

تُسْقَىٰ مِنْ عَيْنٍ ءَانِيَةٍ

انہیں پلایا جائے گا پانی ایک کھولتے
ہوئے چشمے سے۔

القرآن ۸۸:۰۵

QuranicQuotes.com

لَّيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ إِلَّا مِن ضَرِيعٍ

نہیں ہو گا ان کے لیے کھانے کو کچھ بھی
سوائے خاردار جھاڑیوں کے۔

القرآن ٨٨:٠٦

QuranicQuotes.com

لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِي مِن جُوعٍ

جو نہ تو موٹا کرے اور نہ ہی بھوک مٹائے۔

القرآن ۸۸:۰۷

QuranicQuotes.com

وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ

بہت سے چہرے اس روز تروتازہ ہوں گے۔

القرآن ۸۸:۰۸

QuranicQuotes.com

لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ

وہ اپنی کوشش پر راضی ہوں گے۔

القرآن ۸۸:۰۹

QuranicQuotes.com

فِى جَنَّةٍ عَالِيَةٍۢ

عالی مقام جنت میں۔

القرآن ۸۸:۱۰

QuranicQuotes.com

لَّا تَسْمَعُ فِيهَا لَـٰغِيَةً

وہ اس میں کوئی لغو بات نہیں سنیں گے۔

القرآن ۸۸:۱۱

QuranicQuotes.com

فِيهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ

اس میں ایک چشمہ ہے بہتا ہوا۔

القرآن ۸۸:۱۲

QuranicQuotes.com

فِيهَا سُرُرٌ مَّرْفُوعَةٌ

اس میں اونچے اونچے تخت ہیں۔

القرآن ۸۸:۱۳

QuranicQuotes.com

وَأَكْوَابٌ مَّوْضُوعَةٌ

اور جام قرینے سے رکھے ہوئے۔

القرآن ۸۸:۱۴

QuranicQuotes.com

وَنَمَارِقُ مَصْفُوفَةٌ

اور قالین بچھے ہوئے صف در صف۔

القرآن ۸۸:۱۵

QuranicQuotes.com


وَزَرَابِيُّ مَبْثُوثَةٌ
اور نفیس مسندیں بچھی ہوئی۔
القرآن ٨٨:١٦
QuranicQuotes.com

أَفَلَا يَنظُرُونَ إِلَى ٱلْإِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ

تو کیا یہ لوگ دیکھتے نہیں اونٹوں کو کہ
انہیں کیسے بنایا گیا ہے !

القرآن ۸۸:۱۷

QuranicQuotes.com

وَإِلَى ٱلسَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ

اور آسمان کو کہ کیسے بلند کیا گیا ہے !

القرآن ۸۸:۱۸

QuranicQuotes.com

وَإِلَى ٱلْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ

اور پہاڑوں کو کہ کیسے گاڑ دیے گئے ہیں !

القرآن ۸۸:۱۹

QuranicQuotes.com

وَإِلَى ٱلْأَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ

اور زمین کی طرف کہ کیسے بچھا دی گئی ہے !

القرآن ٨٨:٢٠

QuranicQuotes.com

فَذَكِّرْ إِنَّمَآ أَنتَ مُذَكِّرٌ

تو آپ یاد دہانی کراتے رہیے آپ تو بس
یاد دہانی کرانے والے ہیں۔

القرآن ۸۸:۲۱

QuranicQuotes.com

لَّسْتَ عَلَيْهِم بِمُصَيْطِرٍ

آپ ان پر کوئی داروغہ نہیں ہیں۔

القرآن ۸۸:۲۲

QuranicQuotes.com

إِلَّا مَن تَوَلَّىٰ وَكَفَرَ

مگر جس نے منہ موڑا اور کفر کیا۔

القرآن ٨٨:٢٣

QuranicQuotes.com

فَيُعَذِّبُهُ ٱللَّهُ ٱلْعَذَابَ ٱلْأَكْبَرَ

تو اس کو اللہ عذاب دے گا سب سے بڑا عذاب۔

القرآن ۸۸:۲۴

QuranicQuotes.com

إِنَّ إِلَيْنَآ إِيَابَهُمْ

بیشک ان سب کو ہماری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے۔

القرآن ۸۸:۲۵

QuranicQuotes.com

ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُم

پھر ان کا حساب ہمارے ذمہ ہے۔

القرآن ٨٨:٢٦

QuranicQuotes.com